مدتوں دربدر مارے مارے پھرے

غزل

افضل امام - ٹورانٹو

(اپنے وطن کو الوداع کہنے کے بعد)

جب اپنے وطن کو چھوڑا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو
دل میرا بہت گھبرایا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو

کچھ دل میں عجب سی ہلچل تھی کچھ رونے میں مشغول رہی
دامن سے لپٹ کر رویا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو

ہر ایک گل اور ہر وہ کلی غنچہ غنچہ [illegible]
پھولوں نے نیر بہایا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو

زلفوں میں شکن عارض پہ شکن [illegible]
اشکوں نے خون بہایا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو

احساس کی رگ رگ سے میرے آوے ہے ان کی خوشبو دوست
ہر لمحہ وہاں جو بیتا تھا اس وقت کا عالم مت پوچھو

قطعہ

[illegible]

[illegible] افراد ہیں غالب کے سخن فہم نہیں!

[illegible]

کیوں نہ [illegible] آج ناز سے
ٹک بچہ [illegible] بولیں ساتھ ہے

[illegible]

بہنوں کی محفل

مباحثہ اور حادثہ

(افسانہ)



پروین بانو چوہدری
(لائل پور)

شمیع آج کتنی اداس تھی۔ وہ بچپن کا ... جب ... کو بھلا دینے والی یادیں اس کا سرمایۂ حیات ہوں۔ وہ اپنے ماضی کی گہرائیوں میں آج پھر کھو چکی تھی۔ جس کے دو زاویے تھے، کہیں رنگین اور کہیں بھیانک ... ماضی کے ... زندگی کے اوراق الٹنے لگے ... اور بیتے دنوں کی یادیں ... شدت کے ساتھ ... سے بھری ہوئی ہے کہیں وہ رنگ ... ہو جاتے ہیں اور کہیں ... آنکھوں کو ... دیتے ہیں۔ کاشف اس کی زندگی کا ایک رنگ تھا جو اپنی چمک دمک ضائع کر چکا تھا۔ اس نے بڑی بیزاری کے ساتھ سوچا کہ وہ دن کہاں غائب ہو گئے ہیں۔ کیوں خواب بن کر رہ گئے ہیں جبکہ وہ دونوں بچپن ہی سے ایک دوسرے کے ساتھی تھے۔ دونوں ننھے ننھے پھولوں کی طرح ادھر ادھر بکھرتے پھرتے تھے۔ دونوں کے والدین انہیں دیکھ دیکھ کر خیالات کے تانے بانے بنتے رہتے تھے۔ وقت آگے بڑھتا گیا اور وہ دونوں کھیل کود کی حدوں کو پار کر کے زندگی کے اس موڑ پر پہنچ گئے جہاں پہنچ کر ہر شخص اپنی ذمہ داری محسوس کرتا ہے۔ ... زندگی اور مستقبل کے سامان کی فکر کرتا ہے۔ ...

[illegible]

غزل

تیرے بنا اس شہر میں ہمدم
گلشن کم ویرانے بہت

دنیا کی تو ریت یہی ہے
اپنے کم بیگانے بہت

مے خانے کی رسوائی ہے
بادہ کم پیمانے بہت

[illegible]

بیگم ... (لائل پور)

دسترخوان کا ذائقہ سستی غذاؤں سے ہے

[illegible]

آلو کی بھجیا

اشیاء:۔ ایک پاؤ آلو، ایک کھانے کا چمچہ گھی، نمک اور پسی ہوئی سرخ مرچ حسب ذائقہ، ایک ... ثابت سرخ مرچیں، چٹکی بھر ...

ترکیب:۔ آلو چھیل کر گول گول قطعے کاٹ لیں۔ ... گھی میں ... سرخ کر لیں، نمک اور پسی ہوئی مرچ بھی ملا دیں۔ اب آلو ڈال کر ہلکے ہاتھوں سے بھون لیں۔ ثابت مرچیں ڈال کر دھیمی آنچ پر پکائیں۔ ... چمچہ چلانے کی ضرورت نہیں، پتیلی کو ... کر تھوڑی دیر بعد ہلا لیں۔ آلو اگر اپنے پسینے میں پک جائیں ... سخت رہ جائیں تو پانی کے چھینٹے مار کر گلا لیں۔ پیش کرتے وقت اوپر کتر ... چھڑک لیں۔

ملی جلی سبزیوں کی بھجیا

اشیاء:۔ ایک پاؤ مٹر، تین چھٹانک گاجریں، آدھا پاؤ پھول گوبھی، ایک کھانے کا چمچہ گھی، نمک، سیاہ مرچ حسب ذائقہ، سیاہ زیرہ آدھا چائے کا چمچہ۔

ترکیب:۔ مٹر کے دانے چھلکوں میں سے نکال لیں۔ گاجریں کھرچ کر ... ٹکڑوں کی صورت میں کاٹ لیں۔ گوبھی کے پھول بھی چھوٹے چھوٹے کاٹ لیں۔ ان سب کو نمک اور سیاہ مرچ ... پانی میں ڈال کر ابالیں ... جب سبزیاں ذرا سی سخت رہ جائیں تو ... پانی خشک ہو جائے۔ دوسری پتیلی میں گھی گرم کریں۔ اس میں زیرہ ڈال لیں۔ پھر سبزیاں ڈال کر گھی میں ... پتیلی کے ڈھکنے کو ... کپڑے میں لپیٹ کر ... دیں اور اوپر کوئلے ... رکھیں اور ... آتار دیں۔

ماش کی دال

اشیاء:۔ ایک پاؤ ماش کی دال، کٹی ہوئی ہری مرچیں، باریک کٹا ہوا ادرک، گھی حسب ضرورت، بگھار کے لئے ... سرخ مرچیں، چار جوئے لہسن ... کٹا ہوا۔

ترکیب:۔ پانی میں نمک اور دال ڈال کر ابالیں۔ جب ذرا سخت رہ جائے تو ... ہری مرچیں، ادرک، اور لہسن ... دال ... بگھار ... [illegible]

مسور کی دال

[illegible]

مُناجات

بارگاہ رسالتؐ [illegible]

[illegible]

(نعت)

میرے آقا

تری ہستی سے عالم نے ضیاء پائی مرے آقا
ستارے، چاند سورج تیرے شیدائی مرے آقا

زہے یہ بے نیازی یہ کم آمیزی یہ استغناء
شہنشاہی ترے قدموں میں جھک آئی مرے آقا

وہ تجھ سا بادشاہ اُٹھا تھا جب اک بے نوا بن کر
تو ہم سے بے نواؤں کی بھی بن آئی مرے آقا

تری شانِ فقیری کا نظارہ کر کے آنکھوں میں
نہیں جچتی کسی کی شانِ کسرائی مرے آقا

دُعا کیجئے مسلمانوں میں ہو ذوقِ عمل پیدا
کہ جیسے بھی ہیں، ہیں تیرے ہی سودائی مرے آقا

یہ گہنائے ہوئے سورج ہیں کجلائے ہوئے شعلے
یہ ٹوٹے دل ہیں محتاجِ مسیحائی مرے آقا

دُعا کیجئے کہ شاہین آپ کی اُمت کے کام آئے
مرے درویش بدو میرے صحرائی مرے آقا

(عقیل شاہین - ٹورانٹو)

کیلگری کے شب و روز

جاوید اقبال [illegible]

یکم فروری کی گزشتہ رپورٹ میں ہم نے کیلگری مسلم ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کا ذکر کیا تھا جو ۲۰ جنوری کو ہونا طے پائے تھے۔ شہر میں دھوم تھی [illegible]

تھی خبر گرم کہ غالب کے اُڑیں گے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے پر وہ تماشا نہ ہوا

چنانچہ دیکھنے ہم بھی گئے اور تماشا [illegible] آپ بھی آنکھوں دیکھا حال سنیئے۔

جلسے کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ صاحبِ صدر نے چند جملوں میں ایجنڈا بیان کیا جس میں اہم ترین بات آئندہ برس کے لیے مجلسِ عاملہ کا انتخاب تھا۔ اس کے بعد انہوں نے بچوں کے لیے اسلامی تعلیم کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے مسجد میں مدرسے کی استعداد بڑھانے پر زور دیا۔ موجودہ مسجد میں جگہ کی تنگی کی وجہ سے نئی مسجد جلد از جلد بنانے کی اپیل کی۔ اسلامی اخوت اور اتحاد کا واسطہ دیتے ہوئے انہوں نے تنقید برائے تنقید کی بجائے تعمیری تنقید کی درخواست کی اور کہا کہ اگر اس کے ساتھ متبادل حل بھی پیش کیے جائیں تو مقصد کا حصول آسان اور یقینی ہو جاتا ہے۔

[illegible]

ہم یہ سوچتے ہوئے واپس ہوئے کہ اتنے مسلمان وہاں جمع تھے لیکن کسی کو خیال تک نہ آیا کہ عشاء کی نماز ہی باجماعت پڑھ لیں [illegible]

پھر اقبالؔ یاد آئے [illegible]

[illegible]


(اقبالؔ)

[illegible]

(مراسلہ: اسلم نظام قریشی)

سفیرِ پاکستان جناب افتخار علی صاحب کا دورۂ لندن - انٹاریو

عزت مآب سفیرِ پاکستان صاحب افتخار علی صاحب ۶ اپریل کو ونڈسر سے لندن تشریف لائے۔ یہاں موصوف نے دو اجتماعات سے خطاب کیا۔



پہلا اجتماع ۶ اپریل کو تین بجے شام یونیورسٹی آف ویسٹرن انٹاریو کے نزلی آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ جناب رزاق [illegible] نے تقریباً پچاس پاکستانیوں سے صاحبِ سفیر کا تعارف کرایا۔ اس کے بعد ڈاکٹر [illegible] صدر پاکستان ایسوسی ایشن لندن نے جناب سفیر کو خوش آمدید کہا۔ بعد ازیں جناب افتخار علی صاحب نے اجتماع سے خطاب کیا اور کینیڈا میں پاکستانیوں کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی۔ موصوف نے پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ اپنی لندن کی ایسوسی ایشن کو زیادہ حرکت میں لائیں۔ صاحبِ سفیر کی تقریر کے بعد حاضرین نے ان سے مختلف سوالات کیے جن کے جوابات بھی موصوف نے دیئے۔ سوال و جواب کا سلسلہ ختم ہونے کے بعد حاضرین کی چائے سے تواضع کی گئی۔

ڈاکٹر ڈی سی۔ ولیمز صدر یونیورسٹی آف ویسٹرن انٹاریو نے بنفسِ نفیس سفیرِ محترم کا یونیورسٹی میں تشریف لانے پر شکریہ ادا کیا۔ اور تقریباً آدھ گھنٹے تک اس محفل میں شریک رہے۔

دوسرے روز ۷ اپریل شام چھ بجے محترم سفیر نے لندن کے مسلمانوں کی طرف سے دیئے گئے ڈنر میں مجمع سے خطاب کیا۔ تقریر کا موضوع تھا "مسلم سربراہ کانفرنس لاہور - پاکستان"۔

جب صاحبِ سفیر مسجد پہنچے تو موصوف کا لندن مسلم جماعت کے عہدیداروں سے تعارف کرایا گیا۔ اس کے بعد ڈنر ہوا جس میں تقریباً ڈھائی سو افراد نے شرکت کی۔ ڈنر کے بعد مسجد کے صدر جناب [illegible] صاحب نے محترم سفیر کو خوش آمدید کہتے ہوئے موصوف کا حاضرین سے تعارف کرایا۔ اس کے بعد جناب افتخار علی صاحب نے مسلم کانفرنس میں ہونے والے فیصلوں پر تفصیلی تقریر کی۔ پھر مغرب کی نماز کے لیے وقفہ ہوا اس کے بعد سوال و جواب ہوئے [illegible]

[illegible]

میں ایک خوشخبری لے کر وطن واپس آیا ہوں

ایران سے ہمارے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط ہو گئے ہیں [illegible]

راولپنڈی ۱۱ — وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو ایران کے تین دن کے دورے کے بعد آج تیسرے پہر اسلام آباد واپس پہنچ گئے۔ انہوں نے اسلام آباد کے ہوائی اڈہ پر استقبال کرنے والے ہجوم سے خطاب کرتے ہوئے کہا میں ایران سے ایک خوشخبری لے کر آیا ہوں اور وہ یہ کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات اور زیادہ مضبوط ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران [illegible] کی بنیاد پر حقیقت ہے کہ دونوں ملکوں [illegible]

[illegible] پالیسیاں اپنے اپنے عوام کی فلاح اور بہبود کے لئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک پاکستان کی خارجہ حکمت عملی کا تعلق ہے حکومت اسے صحیح طور پر استوار کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کر رہی۔ ماضی قریب میں پاکستان کی پالیسی صحیح نہیں تھی اور وہ عوام کے مفاد میں نہیں اور عوام یہ محسوس کرنے لگے تھے کہ ایسی پالیسی کی وجہ سے پاکستان میں غیر ملکی مداخلت [illegible] جس کی وجہ سے اسے زبردست نقصان اٹھانا [illegible]

[illegible] بڑی طاقتوں کے ساتھ از سر نو تعلقات قائم کئے ہیں۔ ابھی ایک عہد گذرا ہے کہ پاکستان نے اسلامی سربراہوں کی کانفرنس منعقد کرائی۔ یہ کانفرنس عالم اسلام کے [illegible] تعلقات کے حق میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی ہے۔

وزیراعظم نے اسلامی ملکوں میں سے خاص طور پر ایران کا نام لیتے ہوئے کہا کہ ہماری خارجہ حکمت عملی میں ایران کا خاص مقام ہے۔



[illegible] وزیر اعظم بھٹو کا ایرانی وزیر [illegible] مصافحہ کر رہے ہیں

جمہوری نظام میں انتخابات کی ضرورت کسی بھی وقت پیش آسکتی ہے

ووٹرکی عمر میں کمی انتخابات کے آئینی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے کی جا رہی ہے: وزیر اعظم

لاہور — (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے متنبہ کیا ہے کہ اگر اپوزیشن نے جمہوری رویہ اختیار نہ کیا تو حکومت خاموش نہیں رہے گی۔ اپوزیشن نے اگر تحریکیں چلائیں یا دھمکیاں دیں تو حکومت ہاتھ پر ہاتھ دھر کر نہیں بیٹھ سکتی۔ لیکن اپوزیشن جمہوریت کا راستہ اختیار کرے تو حکومت جمہوری طریق کو نشوونما دینے میں خوشی محسوس کرے گی۔ وزیراعظم لاہور سے راولپنڈی جاتے وقت ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں سے بات چیت کر رہے تھے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ انتخابات کے لئے قانون سازی اس لئے کی جا رہی ہے کہ پارلیمانی جمہوریت میں کسی بھی وقت انتخابات کرانے پڑتے ہیں۔ لیکن آئین کے تحت منتخب حکومت کو مقررہ مدت تک حکومت کا پورا حق حاصل ہے۔ وزیراعظم سے دریافت کیا گیا کہ پنجاب کی حکومت میں حالیہ تبدیلی کے پس منظر میں کونسا فلسفہ کارفرما تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ پنجاب کی سابقہ حکومت جابرانہ تھی کیا موجودہ تبدیلی کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کے رویے میں تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے اس سوال کا تفصیل سے جواب دیتے ہوئے کہا کہ مجھے معلوم نہیں کہ آپ بار بار ایسے سوالات کیوں پوچھتے رہتے ہیں۔ میں محسوس کرتا ہوں [illegible] ایک ہی ہے اور [illegible] تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں [illegible] جمہوری معاشرہ میں یہ حق بدرجہ اتم موجود ہے کہ وقتاً فوقتاً اس رنگ کے ردوبدل کئے جا سکتے ہیں۔ آپ لوگوں کے لئے ایسے معاملات کے بارے میں رٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پنجاب کی سابقہ حکومت کو میں جابرانہ اور تشدد پسند نہیں کہہ سکتا۔

اٹک میں شدید زلزلہ

کراچی — (اپ پ) محکمہ ارضیات کے مقامی مرکز کے مطابق گزشتہ روز یہاں سے ۷۰۰ میل دور اٹک کے قریب زلزلہ کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے۔ مرکز میں یہ جھٹکے صبح [illegible] پر ریکارڈ کئے گئے۔

غفار خان کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی گئی

پشاور — (اپ پ) سرحد کی حکومت نے خان عبدالغفار خان کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی ہے [illegible] پاکستان رولز کے تحت حکم دیا گیا ہے [illegible] کسی بھی شہر [illegible]

بریڈ فورڈ میں اصغر خان کے جلسہ میں ہنگامہ

ہنگامہ کرنے والوں کو جلسہ گاہ سے باہر نکال دیا گیا

لندن — (وعک) کل بریڈ فورڈ میں تحریک استقلال کے ایک جلسہ عام میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لئے پولیس طلب کی گئی۔ چند لوگوں کو جلسہ گاہ سے باہر نکال دیا گیا جو وزیراعظم بھٹو کے خلاف احمد رضا قصوری کے اشتعال انگیز ریمارکس پر احتجاج کرتے ہوئے ان سے قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے بتایا ہے کہ جلسہ سے قبل پولیس افسروں نے انہیں متنبہ کیا تھا کہ اگر اصغر خان کے جلسہ میں کوئی گڑبڑ ہوئی تو اس کی ذمہ داری ان پر ہوگی۔ لندن میں پاکستانی طلبہ کے فیڈریشن کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے اصغر خان نے کہا تھا کہ پاکستان کی اسمبلی غداروں کی اسمبلی ہے اور میں اس اسمبلی کے منظور کردہ آئین کو تسلیم نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پارٹی کے دو ارکان بھی اس اسمبلی میں ہیں جو ان کے حکم پر اسے لات مار کر باہر نکل آئیں گے۔ پاکستانی طلبہ اس وقت حیرت زدہ رہ گئے جب اصغر خان نے کہا کہ ۱۹۶۵ء میں پاکستان نے بھارت پر حملہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ کی تیاریاں اس قدر خفیہ رکھی گئیں کہ جنگ سے ایک ماہ قبل تک انہیں فضائیہ کے سربراہ کی حیثیت سے خود اس کا علم نہیں تھا۔ اس سوال کے جواب میں کہ ۱۹۵۸ء کے مارشل لاء کے نفاذ پر انہوں نے احتجاجاً استعفیٰ کیوں نہیں دیا تھا۔ اصغر خان نے کہا کہ میں جانتا تھا کہ بھارت کے ساتھ جنگ ہونے والی ہے اور مجھے احساس تھا کہ فضائیہ کی تربیت میری ذمہ داری ہے اس لئے میں نے اس وقت مارشل لاء کی مخالفت نہیں کی۔

جی ایم سید سیاست سے ریٹائر نہیں ہوں گے

حیدرآباد — ۱۲ اپریل (اپ پ) سندھ متحدہ محاذ کی ورکنگ کمیٹی کے رکن مسٹر محمد موسیٰ نے ان اخباری اطلاعات کو بے بنیاد قرار دیا ہے کہ جی ایم سید سیاست سے ریٹائر ہو جائیں گے۔ ایک اخباری بیان میں مسٹر موسیٰ نے کہا کہ مسٹر سید اپنے گھر میں نظر بند ہیں اور جونہی رہائی نصیب ہوگی وہ سیاسی میدان میں آ جائیں گے۔ انہوں نے مسٹر جی ایم سید کی فوری رہائی کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

۴۰۰ پاکستانی پیرس میں کس مپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں

متاثرین کو ملازمت کا جھانسہ دے کر فرانس بھیجا گیا تھا: بی بی سی

پیرس — ۱۳ اپریل (بی بی سی) یہاں ۴۰۰ پاکستانی نہایت ناداری اور کس مپرسی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ان لوگوں کو پاکستان کے کسی ادارے نے غیرقانونی طور پر فرانس بھجوایا ہے۔ اس ادارہ کی طرف سے پاکستان کے بعض انگریزی اخبارات میں اس مضمون کے اشتہارات شائع کرائے گئے تھے کہ فرانس اور دوسرے ممالک میں مختلف کارخانوں کے لیے پاکستانی امیدواروں کی ضرورت ہے چنانچہ ان اشتہارات کی وجہ سے بہت سے لوگوں نے اس ادارہ کو درخواستیں دیں۔ ان میں سے کچھ لوگ فرانس بھجوائے گئے جب کہ یہاں پر کوئی ملازمت وغیرہ نہیں ہے۔ اور فرانس کی کسی کمپنی نے ایسا کوئی اشتہار نہیں دیا۔ بی بی سی کے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ اشتہارات کسی خاص جعلی ادارے کی طرف سے دیئے گئے تھے اور یہ ستور دیئے جا رہے ہیں۔ نامہ نگار نے لکھا کہ پیرس پہنچنے والے پاکستانی بے حد تنگدستی کی زندگی گزار رہے ہیں۔

Wanted

ضرورت ہے

وی وِنگ WEAVING اور سپننگ SPINNING

ڈیپارٹمنٹ میں کام کرنے والوں کی۔

تجربہ ضروری نہیں، ہم کام ہی پر ٹریننگ دیتے ہیں۔

معقول اُجرت اور کام کا عمدہ ماحول

مہیا ہے!

ہمیں کلکٹ (COLLECT) کال کیجئے۔

صدیق چغتائی - (519)658-9328 صبح آٹھ تا شام پانچ

اور شام ۵ بجے کے بعد (519)658-4822 پر

یا پھر ہمارے کارخانے پر آکر پرسنل منیجر سے ملیئے۔

ARTEX WOOLLENS LIMITED

CAMBRIDGE, ONTARIO



مولانا بھاشانی نے عوامی لیگ کے خلاف تحریک مزاحمت شروع کر دی

بنگلہ دیش کی اپوزیشن جماعتوں نے مشترکہ سہ نکاتی پروگرام تیار کر لیا

ڈھاکہ — (رائٹر) حزب اختلاف کے ممتاز رہنما عبدالحمید بھاشانی نے [illegible] اتحاد کے لئے سہ نکاتی پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ [illegible] تمام سیاسی نظربند رہا کئے جائیں [illegible] کے خلاف مزاحمت [illegible] بحال کرانے کے لئے ضروری اقدامات [illegible] مولانا بھاشانی نے کہا کہ موجودہ حالات میں [illegible] اپوزیشن کی تمام پارٹیوں میں اتفاق ہو سکتا ہے۔ مولانا بھاشانی آج کل حکمران عوامی لیگ کے خلاف تمام اپوزیشن پارٹیوں کو متحد کر رہے ہیں۔

پاکستانی جنگی قیدیوں پر ۳۲ کروڑ روپے خرچ کیے گئے ہیں

ادائیگی کے لیے پاکستان کے ساتھ بات چیت شروع کر دی گئی ہے: بھارت

نئی دہلی — (ریڈیو رپورٹ) دفاعی تیاریوں کے وزیر مملکت مسٹر [illegible] نے پارلیمنٹ میں بتایا کہ بھارت نے پاکستانی جنگی قیدیوں پر ۳۲ کروڑ ۴۲ لاکھ روپے خرچ کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو یہ رقم ادا کرنی ہوگی۔ یہ رقم پاکستانی قیدیوں کو تنخواہ اور الاؤنس کے طور پر ادا کی گئی تھی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس رقم کی ادائیگی کیلئے حکومت پاکستان کے ساتھ بات چیت شروع کر دی گئی ہے۔

جن سنگھ کے پانچ ارکان گرفتار

نئی دہلی — (رائٹر) جن سنگھ کے [illegible] پانچ ارکان کو [illegible] گرفتار کر لیا گیا ہے۔ [illegible]

اداکار محمد علی واپس کراچی پہنچ گئے

کراچی — مشہور اداکار محمد علی [illegible] افغانستان میں گزارنے کے بعد واپس کراچی پہنچ گئے ہیں۔ ہوائی اڈے پر ان کا خیر مقدم کرنے کے لیے ان کے پرستار کافی تعداد میں موجود تھے۔ محمد علی نے اپنے دوستوں کو بتایا کہ خداوند کریم کے فضل و کرم سے وہ بالکل تندرست ہیں اور جلد ہی اپنا کام شروع کر دیں گے۔

کینیڈا کونسل آف مسلم کمیونٹیز کا پہلا سالانہ مشاورتی اجتماع

۱۲ اور ۱۳ اپریل کو ٹورانٹو میں کینیڈا کونسل آف مسلم کمیونٹیز کی پہلی سالانہ میٹنگ کا انعقاد عمل میں آیا۔ [illegible]

۱۲ اپریل کی شام کو جامع [illegible] میں ڈنر کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس ڈنر میں چند غیر مسلم [illegible] معزز حضرات بھی مدعو تھے۔

اس موقعہ پر رجب علی عاصم مرحوم کے حق میں دعائے خیر کی گئی۔ مرحوم لبنان سے تعلق رکھتے تھے اور ۱۹۱۲ء میں کناڈا چلے آئے تھے۔ وہ ان چند مسلمانوں میں سے تھے جو پہلے پہل کناڈا آئے تھے۔ مرحوم نے یہاں بے شمار لوگوں کی شادی میں نکاح پڑھا اور کئی حضرات کے جنازے کا بندوبست کیا۔ نیک کاموں میں عطیات دیئے اور اسلام کی توسیع میں حصہ لیا۔

۱۳ اپریل کو جلسے کے خاتمے پر تمام شرکاء کے لیے نیاگرا فالز کی سیر و تفریح کا بندوبست کیا گیا۔

اس دو روزہ اجتماع میں جن مقررین نے حصہ لیا ان کے نام یہ ہیں۔

- ڈاکٹر امام محمودہ عبدالعلی - نیویارک
- معین الدین - ٹورانٹو
- اکرام ملک - ٹورانٹو
- ڈاکٹر شاہین - نیاگرا فالز
- علی حسین - کیوبک
- ایم ۔ ایس قادری - ٹورانٹو
- حبیب خان - ٹورانٹو
- ڈاکٹر مرے ہوگن - کنگسٹن
- قادر صدیقی - ٹورانٹو
- سلیمان خان - ٹورانٹو
- ہشام [illegible] - ٹورانٹو
- کمال زبیری - ٹورانٹو
- حمیدہ مرزا - ٹورانٹو
- احتشام [illegible] - ٹورانٹو
- ڈاکٹر اسماعیل الفاروقی - ٹمپل یونیورسٹی
- خدیجہ حفاجی - آٹوا
- ڈاکٹر محمد سعید - ٹورانٹو
- محمد حسین - مونٹریال
- حمید شیخ - ہیملٹن
- رسال الدین - لندن، انٹاریو
- ابراہیم سعید - ٹورانٹو
- اے کے چوہدری - آٹوا
- کے عثمان - ونی پیگ
- ڈاکٹر احمد العزامی - ایڈمنٹن

اسلامی کتابوں کی ضرورت

[illegible]

465-2525 [illegible]

ٹورانٹو اک شہر ہے عالم میں بےمثال
اس عمارت، چمن میں خوشی ہیں باکمال
ان کی مدد سے آپ کو مل جائیگا مکان
...

... کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد
خرید و فروخت کے لیے بھی یاد رکھیں
ایچ کیتھ لمیٹڈ ... سلطان قریشی

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W. Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 763-4988



SULTAN QURESHI

ہم پاکستان کیساتھ مسلح تصادم کے امکانات ختم کرنا چاہتے ہیں

شملہ معاہدہ کے تحت کشمیر میں از سرنو حد بندی پر اتفاق ہو چکا ہے

ہم کشمیر سمیت تمام معاملات بات چیت کے ذریعہ طے کرنے کے خواہشمند ہیں

بھارت کے بارے میں پاکستان کے حکمرانوں نے تسلیم کر لینے کا تاثر غلط ہے



دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے صنعتی ترقی ناگزیر ہے



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ... انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز پاکستان ... کنونشن کے موقع پر افتتاحی تقریر کر رہے ہیں

انجینئر وطن کے استحکام و ترقی کے لیے مشنری جذبہ سے کام کریں

پیداوار بڑھانے کے لیے جدید ترین ذرائع اختیار کیے جائیں

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
Send cheques to

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690 1590

NAME

ADDRESS

PHONE


اکتوبر سے میٹرک تک تعلیم مفت کر دی جائے گی



شہزادی نورونگ کے ہاں تیسری بچی کی ولادت

ثانوی سکول کی سطح تک اسلامیات کو لازمی مضمون قرار دیا گیا ہے

کالجوں میں بھی اسلامی تعلیم کو لازمی قرار دینے پر غور کیا جا رہا ہے: وفاقی وزیر تعلیم



پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
دورہ محمد آفتاب

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

[illegible]

مکتوبِ مسلم

[illegible]

[illegible]

خواتین و حضرات گرامی قدر، سلام و رحمت۔

[illegible] اپنی بعض محفلوں میں آپ نے غور فرمایا ہو گا کہ بعض اوقات ... مسائل بھی زیر بحث آ جاتے ہیں۔ آپ نے بھی یقیناً اپنے ... کے مطابق اپنے تحقیق ... ان معاملات کو کرتا ہو گا لیکن جناب محترم ... زندگی میں کبھی ایسے لمحات بھی ضرور آئے ہوں گے جب کسی محفل میں آپ سے ایک آدھ سوال ... پوچھا ہو اور آپ اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گئے ہوں! مثلاً اگر آپ سے یہ پوچھا جائے کہ آپ کا کس فرقے سے تعلق ہے ... تو آپ کا ... کسی قدر ... زبان سے آپ سے ... یہ پوچھ لیا جائے کہ جناب والا! حضور اکرم کا کس فرقے سے تعلق تھا؟ تو ذرا تصور میں لایئے کہ اس وقت آپ کی حیرانی اور پریشانی کا کیا عالم ہو گا؟ آپ ادھر ادھر دیکھنے اور سوچنے لگ جائیں گے کہ اب کیا جواب دیا جائے، حالانکہ بات بہت معمولی سی ہے، مگر آپ سے کوئی جواب ہی نہیں بن پڑیگا۔ اس لئے کہ

1. اگر آپ یہ جواب دیتے ہیں کہ حضور اکرم کا بھی (معاذ اللہ) ... فرقے سے تعلق تھا جس فرقے سے آپ کا تعلق ہے تو یہ بات ... اور قرآنی حقائق کے خلاف ہو گی،
2. اگر بالفرض محال آپ کا اوپر والا جواب تسلیم بھی کر لیا جائے تو پھر سوال یہ پیدا ہو گا کہ ... حضور اکرم سے کس طرح تعلق باقی رہ سکتا ہے جو "آپ کے فرقے" سے وابستہ نہیں ہیں، علاوہ ازیں آپ کی طرح وہ بھی تو دعویٰ کر سکتے ہیں کہ حضور اکرم کا (معاذ اللہ) "ان کے اپنے فرقے سے تعلق تھا"، تو پھر آپ ان کے اس دعوی کو کس طرح رد کریں گے؟
3. اور اگر آپ یہ جواب دیتے ہیں کہ نہیں! حضور اکرم کا کسی فرقے سے تعلق نہیں تھا تو ذرا سوچیے کہ "آپ خود اپنے آپ کو کسی نہ کسی فرقے سے وابستہ رکھ کر حضور اکرم کی امت میں کس طرح شمار ہو سکتے ہیں؟

آپ نے غور فرمایا! ایک اتنی سی بات نے آپ کو کتنی الجھن میں مبتلا کر دیا! ایک آپ ہی پر کیا منحصر ہے، آپ یہی سوال اپنے دوستوں، بھائیوں اور بہنوں سے پوچھ لیجیے، آپ کو ہر ایک سے یہی جواب ملیگا ــــ کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا؟

لیکن عزیزان محترم! گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ زندگی کے جہاں تمام مسائل کا حل قرآن حکیم میں موجود ہے وہاں اس سوال کا جواب بھی آپ کو قرآن حکیم ہی سے مل جائیگا۔ وہ دیکھیے قرآن حکیم کا ارشاد ہے:۔

1. وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا (3:103) (دیکھو، تم تمام کے تمام مل کر اللہ کی رسی (قرآن) کو مضبوطی سے تھامے رہو اور آپس میں تفرقہ (فرقے) مت پیدا کرو۔
2. فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ (43:65) (یاد رکھو، ان میں مختلف گروہوں نے باہمی اختلاف (تفرقہ) پیدا کر لیا، سو جو لوگ اس طرح ظالم بن جائیں ان کے لئے الم انگیز تباہی کا عذاب ہوتا ہے۔
3. وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (3:105) (قرآن) دیکھو واضح احکامات آجانے کے بعد اختلاف پیدا کر کے الگ الگ فرقے مت بنا بیٹھو۔ یہ بہت سنگین جرم ہے اسی لئے اس کی سزا بھی بڑی سخت ہے۔ اس سے قومیں ذلیل و خوار اور تباہ و برباد ہو جاتی ہیں۔
4. وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ (30:32) کان کھول کر سن لو کہ ایمان لانے کے بعد تم مشرکین میں سے مت ہو جانا یعنی ان لوگوں میں سے جنہوں نے باہم فرقے بنا لئے۔ ہر فرقہ یا گروہ اپنے تئیں یہ سمجھ کر خوش ہے کہ دین کے معاملے میں وہی سیدھی راہ پر ہے اور باقی سب غلط ہیں۔
5. إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ (6:159) (اے رسول) جو لوگ دین میں اختلاف پیدا کر کے الگ الگ فرقے بن بیٹھیں، تیرا ان سے کوئی واسطہ نہیں۔
6. إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعًا (28:4) فرعون نے اپنی قوم کو فرقوں (پارٹیوں) میں تقسیم کر رکھا تھا (دیکھو!) ... تو یہ آپس میں ٹکراتی رہتی تھیں۔ یہ در اصل فرعونی حکمت عملی یا سیاست تھی۔ اسی لئے اسلام میں سیاسی پارٹیوں کی بھی اجازت نہیں ہے۔

محترم بہنو اور بھائیو! یہ چند آیات کریمہ آپ نے ملاحظہ فرمائیں۔ ان اور ایسی ہی متعدد آیات مبینات سے یہ بات بلاشبہ ثابت ہے کہ فرقہ بندی ... شرک ہے ... حقیقت یہ ہے کہ ــــ حضور اکرم کے اس دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد "کچھ سازشی عناصر ہم پر مسلط کر دیئے" تاکہ ہم قرآن حکیم کے بتائے ہوئے اتحاد و اتفاق کے راستے سے ہٹ کر اختلافات کی روش کو چھوڑ کر ... باہمی فسادات میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مبتلا ہو جائیں ــــ کتنی کامیاب تھی دشمنان اسلام کی یہ سازش کہ آج صدیوں سے ہم متحد نہیں ہو پا رہے ہیں۔ ذرا غور فرمایئے! قرآن کریم کی واضح ہدایات مل جانے کے بعد کیا حضور اکرم کے زمانے میں کوئی فرقہ جنم بھی لے سکتا تھا! برخلاف اس کے ظہور اسلام سے پہلے جو بھی باہمی اختلافات، گروہ بندیاں یا فرقہ بندیاں تھیں، ان سب کو حضور اکرم نے ختم کر کے ایک متحدہ امت مسلمہ کی تشکیل فرما دی تھی۔ ان حقائق اور واضح احکامات قرآنی کے پیش نظر کیا آپ اس سے اتفاق نہیں فرمائیں گے کہ ہمیں اپنی فرقہ بندیوں کو ختم کر دینا چاہیئے؟ ذرا ٹھنڈے دل سے سوچیے کہ قرآن حکیم کی اس تنبیہ "لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ" (تیرا ان سے کوئی واسطہ نہیں) کے بعد حضور کی ذات گرامی سے ہمارا کوئی تعلق باقی بھی رہ سکتا ہے؟ آپ خود ہی یقیناً اپنے قلب کی گہرائیوں سے بول اٹھیں گے۔ ہرگز نہیں! این خیال است و محال است و جنوں!

لہٰذا اب کیا کرنا چاہیئے؟ اس کا جواب بھی آپ قرآن حکیم ہی سے لیجیے۔ اس کا ارشاد گرامی ہے "هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ" (22:78) اس (خدا) نے تمہارا نام مسلمین رکھا ہے۔ فلہٰذا! ہم اپنے آپ کو اور سارے مسلمانوں کو "صرف مسلمین" سمجھیں۔ اس کے بعد آپ اتفاق فرمائیں گے کہ فرقہ بندی کی لعنت نے جو باہمی بغض و عناد، افتراق و انتشار پیدا کر دیا ہے وہ سب ختم ہو جائیگا۔ بر سمت "إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ" (49:10) (یقیناً سب مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں) کی کیفیت پیدا ہو جائیگی اور سارا عالم اسلام ایسا ہو جائیگا جیسے قرآن کے الفاظ میں "كَأَنَّهُم بُنْيَانٌ مَّرْصُوصٌ" (61:4) گویا وہ ایک دیوار ہیں جسے سیسہ پلا دیا گیا ہو۔

بزرگان و عزیزان محترم! آپ مجھ سے یقیناً متفق ہوں گے کہ اس مردہ قوم کے لئے اس کے سوا کوئی دوسرا "آب حیات" نہیں ہے۔ ... دیکھیے علامہ اقبال کیا فرماتے ہیں:

منفعت ایک ہے اس قوم کا نقصان بھی ایک ⁂ ایک ہی سب کا نبی، دین بھی، ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی، قرآن بھی ایک ⁂ کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک
فرقہ بندی ہے کہیں، اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

⁂ ⁂ ⁂

[illegible]

... فَإِنَّ الْمُؤْمِنِينَ ... امت مسلمین میں تفرقہ پیدا کرنے والی ان الگ الگ ... سے ... ایک ہی ... میں صف آرا فرما دے، جہاں صرف ایک متحدہ امت مسلمہ ہوا کرتی تھی اور جو ایک ہی امام ... خاتم النبیین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صلوٰۃ ادا کیا کرتی تھی۔
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔

طالب دعا
محمد ممتاز الحق ... خان
... بلاک ... ناظم آباد ... کراچی ...

[illegible]

وزیر اعظم کا دورہ ایران

ایران کے تین روزہ دورہ کے بعد وزیر اعظم بھٹو نے اسلام آباد پہنچنے پر اعلان کیا ہے کہ وہ ایران سے پاکستانی عوام کے لیے ایک بڑی "خوشخبری" لائے ہیں۔ اور وہ کیا ہے؟ انہی کے الفاظ میں پاکستان و ایران کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ پاکستان کی داخلی اور خارجی پالیسیوں کی بنیاد عوام کی بہبود ہے اور اسی بنیاد پر ایران سے تعلقات مزید مضبوط بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے

دو سوا دو سال پہلے وزیر اعظم بھٹو جب تقسیم ملک کے نتیجے کے طور پر برسر اقتدار آئے تھے تو "نئے پاکستان" کے تعلقات اپنے پڑوسی اور بھائی ملک ایران کے ساتھ بظاہر دائمی بڑے اچھے تھے۔ اور اس زمانے میں مغربی اخبارات میں اس نوعیت کی خبریں عام چھپ رہی تھیں کہ دنیا پاکستان، ایران کی صرف فوجی ہتھیار حاصل کرے گا۔ جہاں تک امریکہ کا تعلق ہے۔ پاکستان اب تہران کی معرفت بات کیا کرے گا۔ ہزامپیریل میجسٹی نے بھی اپنے ایک سے زیادہ اخباری بیانوں میں ایسا تاثر دیا جیسے آئندہ ایران پاکستان کے محافظ و سرپرست کا رول اختیار کرنے والا ہے انہوں نے یہ تاثر بھی دیا کہ اگر خدانخواستہ پاکستان کے مزید ٹکڑے ہوئے تو ان کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہوگا کہ ایران بڑھ کر اپنے مفاد کے تحفظ کی خاطر بلوچستان پر قبضہ کرے۔ اندرون ملک نیپ سے تعلق رکھنے والے سیاستدانوں نے یہ تاثر بھی دیا کہ ہزمیجسٹی کو بلوچستان میں نیپ وزارت کا وجود پسند نہیں۔ ان کا یہ تاثر وزیر اعظم بھٹو سے بات چیت کے بعد قائم ہوا۔ دریں اثنا وزیر اعظم بھٹو نے ان تمام سربراہ حکومت کی طرح خلیج کی ریاستوں کے دورے کیے اور بیرونی اخبارات میں اس نوعیت کی خبریں شائع ہوئیں کہ پاکستان میں خلیج کی ریاستوں کے سرمائے سے اسلحہ ساز فیکٹریاں لگائی جائیں گی۔ اور خلیج کی عرب ریاستیں ماڈرن فوجی طیارے خرید رہی ہیں۔ جنہیں پاکستانی پائلٹ اڑایا کریں گے اور ان ریاستوں کی افواج کو پاکستانی فوجی تربیت دے رہے ہیں۔

ہزامپیریل میجسٹی خلیج کو اپنے خاص دائرہ اثر کا حصہ سمجھتے ہیں۔ ظاہر ہے، انہوں نے ان سرگرمیوں اور خبروں کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا ہو گا۔

اس کے بعد وزیر اعظم بھٹو نے اسلامی سربراہی کانفرنس کا بیڑا اٹھایا اور بھٹو کی تمام منظم پیش کوششوں کے باعث یہ کانفرنس منعقد کر دکھائی اور اس دھوم دھام سے کہ ساری دنیا عش عش کر اٹھی۔ بنگلہ دیش تسلیم کر کے انہوں نے اپنے اس کارنامے کو گہنا دیا لیکن ہزمیجسٹی بہر حال اس کانفرنس سے غائب ہونے کی وجہ سے بڑے نمایاں ہو گئے صرف یہی نہیں۔ عین کانفرنس کے ایام میں بھارتی وزیر خارجہ سردار سورن سنگھ تہران میں ان کی مہمان نوازی سے لطف اندوز ہو رہے تھے اس کے ساتھ ہی خبریں آ رہی تھیں کہ بھارت اور ایران مل کر پیٹرو کیمیکل کی فیکٹریاں اور آئل ریفائنریز لگا رہے ہیں۔ مطالب و معنی کے لحاظ سے اسلامی کانفرنس عرب کانفرنس تھی صرف بنگلہ دیش تسلیم کی وجہ سے اس کانفرنس نے کوئی دوسرا رنگ بھی اختیار کیا۔ پاکستانی عوام نے اس موقعہ پر ہزمیجسٹی کی غیر حاضری کو بڑا محسوس کیا۔ سیدھے سادے عوام کو انکی غیر حاضری کی وجہ سمجھ میں نہیں آ رہی تھی۔ اسلامی کانفرنس لاہور میں منعقد ہو، اور ہز میجسٹی تہران سے تشریف نہ لا سکیں۔ یہ عقدہ ان کی عقل و فہم سے بالا تھا۔ اس وقت یہ تاثر بھی عام تھا کہ ہز میجسٹی ایک ایسے عرب حکمران کے ساتھ کسی کانفرنس میں شرکت کرنا خاص طور پر پسند نہیں فرمائیں گے جو اس کانفرنس میں نہ صرف شرکت کر رہے ہیں بلکہ بعد میں اس ملک کا سرکاری دورہ بھی کریں گے۔ ایک اخباری اطلاع کے مطابق اس کی تصدیق ہزامپیریل میجسٹی آریہ مہر کے سفارت خانہ نے اسلام آباد میں کر دی تھی

ان حالات اور اس پس منظر میں اگر وزیر اعظم بھٹو ایران سے کامیاب لوٹے ہیں اور پاکستانی عوام کے لیے کوئی "خوشخبری" لائے ہیں تو بڑی خوشی کی بات ہے اور وہ لائق صد مبارکباد ہیں لیکن عوام کو واضح الفاظ میں بتا دیا جائے کہ وہ ایران سے کیا لائے ہیں۔ سستا تیل؟ ــــ ایرانی سرمایہ؟ ــــ پیٹرو کیمیکل کی مشترکہ صنعت؟ یا ایران کی قابل اعتماد دوستی کا وعدہ؟

ایران کو مسئلہ بلوچستان سے بھی دلچسپی ہے۔ وزیر اعظم بھٹو عنقریب مسئلہ بلوچستان کا حل پیش کرنے والے ہیں۔ امید ہے وہ قوم کے بہترین مفاد میں اور حق و انصاف اور جمہوریت کے اصولوں پر مبنی ہوگا ... دکھی قوم اب ... کے کھانے کے قابل نہیں ... سیاسی تجربوں ہی کی متحمل ...

[illegible]



فرمودہ اقبال

نگاہ عشق دل زندہ کی تلاش میں ہے
شکار مردہ سزاوار شاہباز نہیں
مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ
کہ میں ہوں محرم راز درون میخانہ
... ساقی ...
... نہیں

(بال جبریل)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

پاکستانی روپے کی قیمت بڑھا دی جائے گی

افوام متحدہ کی اس رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے ... لکھا ہے کہ پاکستان کو روپے کی از سر نو قیمت مقرر کرنے کے فیصلے کی بدولت ... بنگلہ دیش ... پاکستانی روپے ... عالمی بنک ...

۱۹۵ جنگی قیدیوں کی رہائی



پاکستان کے وزیر مملکت برائے دفاع و امور خارجہ مسٹر عزیز احمد دلی ایرپورٹ پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔ ان کے ساتھ بھارتی وزیر خارجہ سورن سنگھ بھی ہیں۔

۱۱ اپریل - پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان سہ ملکی کانفرنس کے خاتمے پر بنگلہ دیش نے ۱۹۵ پاکستانی جنگی قیدیوں کو بغیر کسی شرط پر رہا کردینے کے معاہدے پر دستخط کر دیئے۔ اس فیصلے تک پہنچنے میں پانچ دن کی مدت لگی۔ باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا کہ اس کے لیے بڑی بیرونی طاقتوں نے بھی اپنا اثر و رسوخ استعمال کیا ہے۔

پاکستان نے ۱۹۷۱ء کی اندرونی خانہ جنگی کے دوران اپنے فوجیوں کے ناروا سلوک پر بنگلہ دیش سے افسوس کا اظہار کیا۔

ان جنگی قیدیوں کے ساتھ ساتھ نوے ہزار جنگی قیدی جو کہ ابھی تک بھارت کی قید میں ہیں ایک مہینے کے اندر اندر پاکستان واپس پہنچ جائیں گے۔

لاہور میں پچھلی فروری میں ہونے والی اسلامی ممالک کی سربراہی کانفرنس سے ایک دن پہلے اسلامی ممالک کے اصرار پر پاکستان نے بنگلہ دیش کو منظور کر لیا تھا۔

موجودہ معاہدے سے ان ملکوں میں بہتر تعلقات کے امکانات روشن ہیں۔

پاکستانی وفد کے ارکان قرآن مجید کے سایہ سے گزر کر طیارہ میں سوار ہوئے

اسلام آباد - ... اپریل (اپ پ) آج وزیر مملکت برائے امور خارجہ و دفاع مسٹر عزیز احمد کی زیر قیادت جو وفد نئی دہلی گیا اسے خدا حافظ کہنے کے لیے دوسرے بہت سے لوگوں کے علاوہ ایک جنگی قیدی کی بیوی بھی تھی، وہ اہم شخصیتوں کی گزرگاہ پر کھڑی تھی جب پاکستانی وفد کا کوئی رکن اس کے قریب سے گزرتا تو وہ اسے الوداع کہتی اور اس کے سر پر قرآن مجید کا سایہ کر دیتی۔ اس طرح تمام ارکان قرآن مجید کے سایہ سے گزر کر طیارہ میں سوار ہوئے۔ ہوائی اڈہ پر رخصت کرنے والوں میں سوئٹزرلینڈ کے سفیر، جنگی قیدیوں کی بیگمات کی ایسوسی ایشن کی عہدیدار اور وزارت خارجہ کے افسر شامل تھے۔ پاکستانی وفد کے ہمراہ دس صحافیوں کی ایک جماعت بھی نئی دہلی گئی ہے۔ یہ وفد پاکستان ائرفورس کے ایک خاص طیارہ میں عازم دہلی ہوا۔

فلسطینی عوام جدوجہد جاری رکھیں گے


بیروت ... ریڈیو بیروت تحریک آزادی فلسطین کے لیڈر یاسر عرفات نے کہا ہے کہ فلسطینی عوام اپنی الگ آزاد ریاست حاصل کر کے رہیں گے اور جب تک پورا فلسطین آزاد نہیں ہو جاتا فلسطینی عوام اپنی جدوجہد آزادی جاری رکھیں گے۔ بیروت کے ایک اخبار سے انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو ۱۹۶۷ء کی جنگ کے دوران چھینے ہوئے علاقوں کو خالی کرنا پڑے گا۔

پاکستان اور ایران کے درمیان کوئی اختلاف نہیں
ہمارے مراسم ہمیشہ خوشگوار رہیں گے: شہنشاہ ایران

میں مشترکہ اعلامیہ کی حد سے بڑھ کر پاکستان سے تعاون کرنا چاہتا ہوں
ہمارے مذاکرات کے نتیجے میں باہمی اقتصادی تعاون کا دائرہ اور وسیع ہو جائے گا

جزیرہ کیش - (اپ پ) شہنشاہ ایران نے کہا ہے کہ پاکستان کو تیل کی قیمت میں اضافے سے ادائیگی کے توازن میں جن مشکلات کا سامنا ہے ان پر قابو پانے میں ایران اس کی ہر طرح مدد کرے گا۔ اس پیشکش کی وضاحت کرتے ہوئے شاہ نے کہا کہ ہم پاکستان کو نرم شرائط پر قرضے دیں گے، مشترکہ منصوبوں کے لیے سرمایہ فراہم کریں گے اور مشترکہ کارخانوں کی مصنوعات خریدیں گے۔ انہوں نے آج وزیر اعظم بھٹو کے سہ روزہ دورے کے اختتام پر پاکستانی صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور پاکستان پہلے ہی اقتصادی شعبے میں ناسا تعاون کر رہے تھے۔ ہم اس تعاون کا دائرہ اور وسیع کر دیں گے۔

شاہ ایران نے کہا کہ میں مشترکہ اعلامیہ کی حد سے بھی آگے بڑھ کر پاکستان کے ساتھ تعاون کرنا چاہتا ہوں۔ ہم نے جو مشترکہ منصوبے قائم کرنے ہیں ان کا دستور پہلے سے میرے ذہن میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے درمیان کوئی اختلاف نہیں اور آئندہ بھی اختلافات کا کوئی سوال نہیں ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات بہت خوشگوار ہیں اور ان کے بارے میں شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔



ایک اور سوال کے جواب میں شہنشاہ نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے باہمی تعلقات پہلے ہی حد درجہ اچھے دوستانہ اور برادرانہ ہیں اور آئندہ چل کر اور زیادہ مضبوط ہوں گے۔

وزیر اعظم بھٹو

وزیر اعظم بھٹو نے اس موقع پر اخباری نمائندوں کو بتایا کہ میرا دورۂ ایران بہت مفید رہا ہے۔ ہم نے مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے تفصیل سے تبادلۂ خیال کیا ہے۔ باہمی مسائل کے علاوہ عالمی امور بھی زیر بحث آئے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وقت کے ساتھ ساتھ پاکستان اور ایران کے تعلقات میں اور اضافہ ہو گا۔ یہ تعلقات بہت دوستانہ اور خوشگوار ہیں اور ہماری بات چیت سے مفید اور تسلی بخش نتائج کے سوا کسی اور بات کی توقع نہیں کی جا سکتی۔

واپسی

ایرانی جزیرہ کیش سے موصولہ اطلاع کے مطابق وزیر اعظم بھٹو کراچی ...

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات اور مضبوط ہوں گے

اسلام آباد - ...

کویت پاکستان کو نوے کروڑ روپے کی پٹرولیم کی مصنوعات دے گا

کینیڈا پاکستان کے ترقیاتی منصوبوں میں مزید تعاون کرے گا
پاکستان کا مستقبل انتہائی تابناک ہے: سفیر کینیڈا

کراچی ... (اپ پ) کینیڈا کے سفیر متعینہ پاکستان مسٹر ... نے کہا ہے کہ انہیں پاکستان کا مستقبل حد درجہ درخشندہ نظر آتا ہے۔ انہوں نے یہ بات آج کراچی سے ۲۵ میل دور ...

کراچی میں زیر زمین ریل چلائی جائے گی
وفاقی حکومت نے منصوبے کی منظوری دے دی

کراچی ...